Q.B. Code

| 3 | 5 | 2 | 4 | 3 |
|---|---|---|---|---|

Booklet Code **C**

**II-B-2/Z/U**

وقت : 3 گھنٹے

نشانات : 100

## امیدواروں کے لیے ہدایات

(جواب دینے سے قبل ہدایات پڑھ لیں)

1- یہ سوالیہ پرچہ اور جوابی بیاض ہے۔

2- سوالیہ پرچہ دوحصوں ، حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔

3- حصہ Aمیں 50 کثیرانتخابی معروضی سوالات ہیں۔ امیدوار کو حصہ A کے سوالات کے جواب OMR جوابی بیاض میں دینے ہوں گے جو علاحدہ سے فراہم کیا گیا ہے ۔ ہرسوال کے لیے 1/2نمبر مختص ہیں۔غلط جواب کے لیے 25%منفی نشانات ہوں گے۔ متعلقہ نظیری حصہ A ،OMR پہلے 45 منٹ کے دوران مکمل کیا جانا چاہیے اور پھر اسے متعلقہ نگران کے حوالے کیا جائے۔

4- حصہ B توضیحی سوالات پر مشتمل ہے۔ امیدوار کو ان توضیحی سوالات کے جوابات اسی کتابچے میں دی گئی جگہ میں لکھنے ہوں گے۔

5- امیدواروں کو کوئی زائد جوابی بیاض نہیں دی جائے گی۔

6- نیلی /سیاہ روشنائی کا استعمال کریں اور جواب واضح تحریر کریں۔

7- امتحان ہال میں الیکٹرانک آلات جیسے سیل فون ، پیجر، کیلکولیٹر، گھڑیاں، پین ڈرائیو، ہارڈڈسک ،بلیوٹوتھ، اور حسابی لاگ /ٹیبل وغیرہ کے استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔

8- رف ورک سوالیہ پرچے میں فراہم کی گئی جگہ پر ہی کریں۔

9- امتحان ہال چھوڑنے سے پہلے سوالیہ پرچہ مع جوابی بیاض نگران امتحان کے حوالے کردیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جائے گی۔

**PART-A** **25 Marks**

1. "افکار" کا واحد کیا ہے؟
   1) روشنی 2) شمع
   3) پروانہ 4) فکر

2. "حاتم طائی" کی شہرت کی اصل وجہ کیا تھی؟
   1) کرامت 2) اس کی سخاوت
   3) عدالت 4) شجاعت

3. نجم الدولہ، دبیرالملک، نظام جنگ خطابات ہیں۔
   1) غالبؔ کے 2) ذوقؔ کے
   3) مومنؔ کے 4) فیضؔ کے

4. نیک عورت دنیا کی سب سے بہترین متاع ہے۔ متاع کے معنی ہیں؟
   1) سرمایہ 2) دولت
   3) شہرت 4) عزت

5. آتے آتے آئے گا ان کو خیال

   جاتے جاتے بے خیالی جائے گی

   اس شعر کی خوبی کیا ہے؟
   1) تکرارِلفظی 2) تجنیس
   3) معنی 4) مفہوم

6. اے پی جے عبدالکلام کا پورا نام ہے۔
   1) ابوالفقیرزین العابدین عبدالکلام 2) آزاد
   3) شمس الدین 4) عزیزالدین

7. "پاسِ وفا" میں کون سی ترکیب آئی ہے؟
   1) تشبیہ 2) مجازمرسل
   3) کنایہ 4) ترکیب اضافی

8. "فیل" کے معنی ہیں؟
   1) ببر 2) شیر
   3) ہاتھی 4) چوہا

9. صبح سونے سے کیا ہوتا ہے؟
   1) غربت آتی ہے 2) دولت آتی ہے
   3) دولت بڑھتی ہے 4) صحت اچھی رہتی ہے

10. "غارحرا" کہاں واقع ہے؟
    1) روم 2) شام
    3) یمن 4) مکہ مکرمہ

**.11** ہاں بھلاکر، ترا بھلا ہوگا
اور درویش کی صدا کیا ہے
صدا کے معنی ہیں

1) آواز
2) گیت
3) نغمہ
4) غزل

**.12** ہجری سال کا آغاز ہوتا ہے۔

1) دنیا کی ترقی سے
2) دنیا کے آغاز سے
3) دنیا کے انجام سے
4) ہجرت سے

**.13** گرکہے کوئی یا علی حیدرؒ
بھاگے کانوں میں انگلیاں رکھ کر
اس شعر میں کون سی صنعت برتی گئی؟

1) کنایہ
2) مجازِ مرسل
3) تشبیہ
4) استعارہ

**.14** پتہ پتہ بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
کس کا شعر ہے؟

1) حالیؔ
2) مومنؔ
3) ذوقؔ
4) میرؔ

**.15** "ممالک" کا واحد ہوگا۔

1) گھر
2) ملک
3) در
4) شہر

**.16** "دشت و جبل" کے معنی ہیں۔

1) ابابیل
2) مورمرغ
3) شاہین
4) جنگل پہاڑ

**.17** "مسدس مدوجزر اسلام" کس کی تصنیف ہے؟

1) آزاد
2) سرسید
3) خواجہ الطاف حسین حالیؔ
4) حمیداللہ

**.18** "ابجد" کے کتنے عدد ہوتے ہیں؟

1) دس
2) پانچ
3) چار
4) دو

**.19** اچھی فکر انسان کی کایا پلٹ دیتی ہے۔

1) سچ ہے
2) غلط ہے
3) مشکل ہے
4) آسان ہے

20. خواجہ الطاف حسین حالی کی جائے پیدائش ہے۔

1) حیدرآباد
2) پانی پت
3) لاہور
4) کاشی

21. "مرغِ چمن" سے شاعرکی مراد ہے۔

1) چمن
2) مرغ
3) جانور
4) پرندے

22. انسان میں کیا ہونا ضروری ہے؟

1) عداوت
2) حیوانیت
3) شرارت
4) انسانیت

23. ڈاکٹر ذاکر حسین کی جائے پیدائش ہے۔

1) لکھنؤ
2) دہلی
3) علی گڑھ
4) بیگم بازار، حیدرآباد

24. کیفی اعظمی کی جائے پیدائش ہے

1) حیدرآباد
2) دہلی
3) لکھنو
4) اعظم گڑھ

25. "علم بیان" کی شاخیں ہیں؟

1) پانچ
2) دس
3) چار
4) سات

26. "فتح مکہ" اس ہجری میں وقوع پذیر ہوئی۔

1) دس ہجری
2) آٹھ ہجری
3) دو ہجری
4) پانچ ہجری

27. "غزل" ہماری شاعری کی شان آن بان ہے۔

1) غلط
2) صحیح
3) جھوٹ
4) سچا

28. گاؤں کے بچے کس کو ماما کہتے ہیں؟

1) چاند
2) سورج
3) پرندہ
4) جگنو

29. "جامِ جہاں نما" کا دوسرا نام ہے۔

1) جامِ جمشید
2) جامِ سفال
3) کٹوری
4) صراحی

30. "خوش اخلاقی" میں سابقہ کیا ہے؟

1) لاحقہ
2) سابقہ
3) خوش
4) مرکب

31. "م" کے اعداد ہوں گے:

1) ستر
2) پچاس
3) چالیس
4) پانچ

32. فعولن فعولن فعولن فعولن

کس بحر میں آٹھ بار آتا ہے؟

1) بحرِ رمل
2) بحرِ متقارب
3) بحرِ ہزج
4) بحرمتدارک

33. "چارمینار" کی تعمیر کس کا خواب تھا۔

1) نصرتی
2) وجہی
3) محمد قلی قطب شاہ
4) شاہ جہاں

34. "دریتیم" کس کی مبارک تصنیف ہے؟

1) حمیداللہ
2) ماہر القادری
3) ابوالکلام آزاد
4) سرسید احمد خاں

35. "مسِ خام" کیا ہے؟

1) گوہر
2) سونا
3) کندن
4) کچا تانبا

36. "اردو" اس زبان کا لفظ ہے

1) فارسی
2) عربی
3) ترکی
4) عبرانی

37. آدمی اور انسان میں کیا فرق ہے؟

1) جانور اور انسان کا
2) زمین و آسمان کا
3) ناری اور نوری کا
4) اعلیٰ و ادنیٰ کا

38. "اول و آخر" کو کیا کہتے ہیں؟

1) صفت
2) اسم
3) متضاد الفاظ
4) ضمیر

39. "اولڈ ایج ہوم" علامت ہے۔

1) حیوانیت
2) تہذیب کی آبادی
3) تہذیب کی بربادی
4) بزدلی

40. حیدرآباد شہر کا بانی ہے۔

1) عادل شاہ
2) وجہی
3) محمد قلی قطب شاہ
4) نصرتی

41. شیخ ابراہیم ذوقؔ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

1) سکم
2) کشمیر
3) تبت
4) دہلی

42. "چاند" کے مترادف الفاظ ہیں۔

1) شمس
2) نجم
3) سورج
4) ماہ، قمر، ماہتاب

43. نظم "البیلی صبح" کس شاعر نے لکھی ہے؟

1) مومن
2) فیض
3) ظفر
4) جوش

44. "یہ کلام اور انجیل ایک ہی چراغ کے پرتو ہیں"
کس کا قول ہے؟

1) نجاشی
2) سکندر
3) دارا
4) رستم

45. "آسمان " کے مترادف (ہم معنی) الفاظ ہیں

1) قمر، ماہ، ماہتاب
2) شمس،مہر، آفتاب
3) فلک، گگن، آکاش
4) دھرتی، ارض، زمین

46. "سورج" کے مترادف الفاظ ہیں۔

1) چاند
2) شمس، آفتاب، مہر
3) زہرہ
4) مشتری

47. "سفرنامہ" ہوتا ہے۔

1) سفر کی تفصیل
2) مسافر
3) ساحل
4) سمندر

48. وجودِ زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ
اسی کے سازسے ہے زندگی کا سوزِ دروں
یہ شعر کس کی تعریف میں ہے؟

1) عورت کی
2) پری کی
3) جل پری کی
4) کائنات کی

49. "مسدس" میں مصرعے ہوتے ہیں۔

1) چھ
2) دس
3) سات
4) پانچ

50. کیا غریبی اعلیٰ تعلیم میں رکاوٹ بنتی ہے؟

1) بالکل
2) ہاں
3) نہیں
4) کچھ